مخیّر حضرات اورعوام 23 دسمبر کوملتان میں ایم کیوایم کے زیر اہتمام ہونیوالے جلسہ عام کیلئے زیادہ سے زیادہ اپنے عطیات جمع کرائیں، الطاف حسین

ایم کیوایم کے فقید المثال جلسہ عام کی کامیابی غریب ومتوسط طبقے کے انقلاب کی سمت متعین کردیگی

لندن:۔۔۔12، دسمبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک بھر کے مخیّر حضرات سے اپیل کی ہے کہ وہ ملتان میں 23، دسمبر کو ایم کیوایم کے زیر اہتمام ہونے والے عظیم الشان جلسہ عام کے انتظامات اور تیاریوں کیلئے زیادہ سے زیادہ عطیات دیں اور مخیّر حضرات اپنے یہ عطیات ایم سی بی، واٹر پمپ برانچ، نواز کورٹ فیڈرل بی ایریا کراچی، برانچ کوڈ 0073 اور اکاؤنٹ نمبر 0398830801000916 میں جمع کراسکتے ہیں۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے اور اس کی پشت پناہی جاگیردار اور وڈیرے نہیں کررہے ہیں بلکہ ایم کیوایم کے تمام تر اخراجات رضاکارانہ طور پر عوامی اور مخیّر حضرات کی جانب سے دیئے جانے والے عطیات سے ہی پورے کئے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملتان میں 23 دسمبر کو ہونے والا جلسہ عام ملک میں آنیوالے غریب ومتوسط طبقے کے انقلاب کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگا اور اولیائے کرام کی سرزمین پر ایم کیوایم کے فقید المثال جلسہ عام کی کامیابی غریب ومتوسط طبقے کے انقلاب کی سمت متعین کردیگی۔ جناب الطاف حسین نے مخیّر حضرات اور عوام سے اپیل کی کہ وہ ملتان میں ایم کیوایم کے زیر اہتمام عظیم الشان جلسہ کیلئے زیادہ سے زیادہ تعداد میں عطیات جمع کرائیں اور ملک میں آنے والے غریب و متوسط طبقے کے انقلاب کو سہارا فراہم کریں۔

☆☆☆☆☆